السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جن ادویات میں شراب کی آمیزش ہواس کا استعمال جائز ہے یا نہیں۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جس دوامیں شراب ہواس کا استعمال جائزنہیں۔نہ دواکے طورپرنہ غذاکے طورپرکیونکہ مسلم میں حدیث ہے کہ طارق بن سویدرضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے شراب کی بابت سوال کیا۔توآپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کومنع فرمایا۔اس نے کہا:یارسول اللہ!میں صرف دواکےلیے بناتاہوں آپ نے فرمایا:وہ دوانہیں بلکہ داء(بیماری)ہے۔(مشکوۃ باب الخمرووعیدشاربہا فصل اول ص 309)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اہلحدیث

کتاب الطہارت، پانی کا بیان، ج1ص238

محدث فتویٰ